فضیلت الشیخ عبد الحفیظ مکی کی تشریف آوری

انٹرنیشنل اسلامک مشن کے سربراہ فضیلت الشیخ عبد الحفیظ مکی ۳۰ اپریل ۹۵ء کو حرکت الانصار کے سیکرٹری جنرل مولانا فضل الرحمن خلیل اور ناظم امور حرب مولانا عبد الجبار کے ہمراہ گوجرانوالہ تشریف لائے اور ورلڈ اسلامک فورم کے چیئرمین مولانا زاہد الراشدی سے ملاقات کر کے انہیں حرکت الانصار کو خلفشار سے بچانے کے لیے اکابر علماء کی کامیاب مساعی کی تفصیلات سے آگاہ کیا اس موقع پر جمیعت علماء اسلام پاکستان سے متعلقہ بعض امور اور دیگر اہم مسائل بھی زیر غور آئے اور مذکورہ بالا راہ نماؤں نے ان معاملات پر باہمی تبادلہ خیال کیا۔

مولانا محمد عیسیٰ منصوری کا دورۂ بھارت

ورلڈ اسلامک فورم کے سیکرٹری جنرل مولانا محمد عیسیٰ منصوری نے گذشتہ ماہ کے دوران بھارت کے مختلف شہروں کا دورہ کیا اور دینی جماعتوں کے راہ نماؤں سے ملاقات کر کے ان سے عالم اسلام سے متعلقہ مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر متعدد اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ علمائے کرام اور طلبہ کو آج کے حالات اور جدید نظریاتی فتنوں سے مکمل آگاہی حاصل کرنی چاہیے تاکہ وہ اسلام کا پیغام صحیح طور پر دنیا کے سامنے پیش کر سکیں' انہوں نے دینی مدارس کے تعلیمی نظام میں بہتری پیدا کرنے اور اس کے ساتھ ساتھ فکری اور اخلاقی تربیت کا مربوط نظام قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا

اور کہا کہ اس کے بغیر ہم وقت کے چیلنج کا سامنا نہیں کر سکیں گے۔ مولانا منصوری نے نئی دہلی سے فون پر فورم کے چیئرمین مولانا زاہد الراشدی سے رابطہ کیا اور انہیں اپنے دورہ کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔

مسلم ہیومن رائٹس سوسائٹی کی فکری نشست

مسلم ہیومن رائٹس سوسائٹی پاکستان کی فکری نشست ۱۷ اپریل ۹۵ کو مرکزی جامع مسجد شادمان لاہور میں ایڈیٹر ماہنامہ "المذاہب" جناب محمد اسلم رانا کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں مولانا زاہد الراشدی' مولانا عبد الرؤف فاروقی' ریٹائرڈ کرنل جناب محمد ایوب خان اور ریٹائرڈ ایئر کموڈور جناب طارق مجید نے خطاب کیا اور انسانی حقوق کے حوالہ سے مغربی لابیوں کی مہم پر روشنی ڈالی۔

حزب التحریر کے راہ نماؤں سے ملاقات

لندن سے حزب التحریر کے راہ نما جناب عبد الحی گذشتہ ماہ کے دوران پاکستان تشریف لائے اور ورلڈ اسلامک فورم کے چیئرمین مولانا زاہد الراشدی سے سیالکوٹ اور لاہور میں ملاقاتیں کیں لاہور کی ملاقات میں جناب عبد الحی کے بعض دیگر رفقاء اور مسلم ہیومن سوسائٹی کے کنوینز مولانا عبد الروف فاروقی بھی شریک تھے' جناب عبد الحی نے مولانا قاضی محمد رویس خان سے بھی ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں میں عالم اسلام کے مسائل کے علاوہ ورلڈ اسلامک فورم اور حزب التحریر کے درمیان مختلف امور پر باہمی تعاون کے مسائل پر بھی گفت و شنید ہوئی۔

جناب اقبال احمد خان کی تشریف آوری

عمان متحدہ عرب امارات میں پاکستانی کمیونٹی کے سرگرم راہ نما جناب اقبال احمد خان گذشتہ دنوں گوجرانوالہ تشریف لائے انہوں نے مولانا زاہد الراشدی سے ملاقات اور مختلف

امور پر تبادلہ خیالات کے علاوہ شاہ ولی اللہ یونیورسٹی کا بھی معائنہ کیا اور اس عظیم تعلیمی منصوبے پر مسرت کا اظہار کیا۔

میٹرک کلاس کا آغاز

گزشتہ روز الشریعہ ایجوکیشنل ویلفیئر سوسائیٹی کے زیر اہتمام الشریعہ اکیڈمی مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ میں میٹرک کی چار سالہ کلاس کا آغاز ہوا' یہ کلاس روزانہ چھ گھنٹے ہوتی ہے۔ اس میں طلبہ کو میٹرک کی مکمل تعلیم کے علاوہ عربی گرائمر کے ساتھ قرآن مجید کا ترجمہ پڑھایا جائے گا اور کمپیوٹر ٹریننگ دی جائے گی۔ کلاس میں اٹھائیس طلبہ شریک ہیں۔ افتتاحی تقریب میں سوسائٹی کے راہ نماؤں مولانا زاہد الراشدی' جناب زین الدین' ڈاکٹر حافظ محمد الیاس' حافظ محمد یحیٰی میر' حافظ محمد عمار خان ناصر اور قاری عبید الرحمٰن ضیاء نے شرکت کی اور اس موقع پر کلاس کی کامیابی کے لیے دعا کی گئی۔

فورم کی ماہانہ فکری نشست

ورلڈ اسلامک فورم کی ماہانہ فکری نشست ۱۹ مئی بروز جمعۃ المبارک بعد نماز عصر مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ میں ہو گی' جس میں سرکردہ علماء کرام اور دانش ور جداگانہ انتخابات اور انسانی حقوق کے موضوع پر اظہار خیال کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔